

روزنامہ
ورق تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक-ए-ताजा
27.June. 2024



# انڈین پارلیمان کی تقریب حلف برداری میں اللہ اکبر اور جے شری رام کی گونج کیوں؟

**مرزا اے بی بیگ**

منگل کو انڈین پارلیمان میں کامیاب امیدواروں کی حلف برداری کے درمیان وہی ماحول نظر آیا جو انتخابات کے دوران تھا اور اللہ اکبر اور جے شری رام کے نعروں کے درمیان ہندو راشٹر زندہ باد اور فلسطین زندہ باد کے بھی نعرے لگے جس نے ایک قسم کے تنازعے کو جنم دیا ہے۔ سوموار کو انڈیا کی 18 ویں پارلیمان کا مون سون اجلاس شروع ہوا جس میں انڈیا کے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ حکومت چلانے کے لیے اکثریت ضروری ہے لیکن ملک چلانے کے لیے عام رضامندی ضروری ہے۔ منگل کو بھی حلف برداری کی تقریب کے دوران کچھ ارکان پارلیمنٹ نے حلف اٹھانے کے بعد آخر میں ایسے نعرے لگائے جس سے پارلیمنٹ میں ہنگامہ برپا ہو گیا۔ جب اتر پردیش کے پارلیمانی حلقے بریلی سے بی جے پی کے رکن پارلیمنٹ چھترپال سنگھ گنگوار نے اپنی حلف برداری کے ساتھ ہی ہندو راشٹر کی جے کہا تو حزب اختلاف کے اراکین پارلیمنٹ نے اسے آئین کے خلاف قرار دیتے ہوئے شور مچایا۔ جب حیدرآباد سے مجلس اتحاد المسلمین کے رکن پارلیمان اسدالدین اویسی کا نام حلف لینے کے لیے پکارا گیا اور وہ حلف لینے کے لیے جانے لگے تو جے شری رام کا نعرہ لگایا جانے لگا۔ انھوں نے اپنے جانے پہچانے انداز میں اردو زبان میں اللہ کے نام پر حلف لیا اور اخیر میں جے بھیم، جے میم، جے تلنگانہ، جے فسلطین کا نعرہ لگایا جس کے بعد پارلیمان کا تنازع پارلیمان کے باہر سوشل میڈیا تک پہنچ گیا۔

**جے فلسطین کے نعرے پر رکنیت معطل کا مطالبہ**

بی جے پی کے آئی ٹی سیل کے سربراہ امیت مالویہ نے اسدالدین اویسی کے جے فلسطین یعنی فلسطین زندہ باد کہنے پر رکن پارلیمان کی حیثیت سے نااہل قرار دینے کا مطالبہ کیا۔ امت مالویہ نے آئین کے آرٹیکل 102 کا حوالہ دیتے ہوئے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا: کسی غیر ملکی ریاست سے وفاداری کا اعلان کرنے پر انھیں لوک سبھا کی رکنیت سے نااہل قرار دیا جانا چاہیے۔ اویسی نے پارلیمنٹ کے باہر نامہ نگاروں سے کہا کہ انھوں نے ایسی کوئی بات نہیں کہی جو آئین کے خلاف ہو۔ بہرحال کسی نے خدا یا ایشور کے نام سے حلف اٹھایا تو کسی نے اللہ کے نام سے، کسی نے ہندی زبان میں تو کسی نے انگریزی، اردو، سنسکرت اور اپنی علاقائی زبانوں میں حلف اٹھایا۔ بی بی سی نے اس تنازعے کے بارے میں بہار کے کدوا اسمبلی حلقے سے کانگریس کے ایم ایل اے شکیل احمد خان سے رابطہ کیا جنھوں نے اسمبلی میں سنسکرت زبان میں حلف لیا تھا جسے بعض حلقوں میں سراہا گیا تھا اور بعض میں تنقید کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ انھوں نے کہا کہ آپ حلف جس زبان اور جس طرح سے لیں اس کی آپ کو آئین اجازت دیتا ہے لیکن اصل بات پارلیمان اور آئین کے وقار کی پاسداری ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ بات زیادہ اہم ہے کہ آپ آئین کے وقار اور ایوان کے وقار کو کس طرح اور کس حد تک برقرار رکھتے ہیں۔ باقی چیزوں پر انھوں نے تبصرہ کرنے سے یہ کہتے ہوئے گریز کیا کہ وہ بڑے لوگ ہیں ان پر میں کیا کہہ سکتا ہوں۔



**اخلاقی اقدار کی پاسداری کا اعلی ترین مقام**

ہم نے اس کے متعلق دہلی کی معروف یونیورسٹی جامعہ ملیہ اسلامیہ میں پروفیسر محمد سہراب سے بات کی تو انھوں نے چند نکات کی جانب اشارہ کیا۔ انھوں نے کہا کہ انڈین پارلیمان میں جہاں تک جے شری رام اور اللہ اکبر کے نعروں کی بات تو بنیادی طور پر انڈین پارلیمنٹ کے اندر وہی ہوا جو بدقسمتی سے سماج میں ہو رہا ہے۔ پارلیمان جو کہ اخلاقی اقدار کی پاسداری کا اعلی ترین مقام ہے اسے بی جے پی کے لوگوں پہلے ہی ناپاک کر دیا ہے۔ بی جے پی کے لوگ پارلیمان میں وہی کرتے ہیں جو وہ سوسائٹی میں کرتے ہیں۔ انھوں نے مثال کے طور پر بی جے پی رہنما بدھوری کا ذکر کیا جنھوں نے ایک مسلم رکن پارلیمان کنور دانش علی کو ایوان کے اندر کٹوا کہا تھا اور مذہب کی بنیاد پر ان کی تذلیل کی تھی۔ انھوں مزید کہا: دوسری بات یہ ہے کہ بی جے پی نے سماج کو جس طرح سے فرقہ وارانہ طور پر زہر آلود کیا ہے اسی طرح وہ پارلیمان کو بھی کرتے رہے ہیں اور اس کا نمونہ آپ کو کل ہی پارلیمان میں حلف برداری کے دوران نظر آیا۔ تیسری بات یہ ہے کہ جس طرح سے بی جے پی نے مذاق اڑانے کا کلچر شروع کیا ہے اسے آپ کس اخلاقی پرزم سے دیکھیں گے؟ ملک کا کون سا دستور ہے جو انھیں یہ اجازت دیتا ہے کہ ہندو راشٹر کے نام پر ووٹ لیں اور ہندو راشٹر زندہ باد کا نعرہ لگائیں۔ یہ اخلاقی تضاد اور منافقت کی کلاسیک مثال ہے۔

**سیکولرزم تو کیا جمہویت کی بھی دھجیاں**

انھوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ سیکولر تو دور کی بات ہے وہ ڈیموکریسی کا مذاق اور اس کی دھجیاں اڑاتے ہیں کیونکہ وہ موبوکریسی (ہجوم کے نظریے) میں یقین کرتے ہیں جو کہ آئین ہند کو انڈر مائن کرتا ہے یعنی اس کے اقدار کو پامال کرتا ہے۔ انھوں نے اسدالدین اویسی کے جے فلسطین کے متعلق کہا: اب جہاں تک اویسی کا معاملہ ہے تو اسدالدین اویسی کو چاہیے کہ مناسب وقت پر وہ فلسطین کے متعلق بھارت کی پالیسی کو جامع انداز میں پیش کریں اور اسے اجاگر کریں۔ انڈیا کو چاہیے کہ وہ فلسطین پر واضح موقف اختیار کریں۔ اور اسرائیل اور فلسطین کے تعلق سے جو ابہام کا بادل پیدا کر رکھا ہے اسے صاف کریں۔ پروفیسر سہراب نے اویسی کو مشورہ دیا کہ وہ اس طرح کے نعرے لگا کر بی جے پی کے جال میں نہ آئیں۔ تاکہ وہ اپنے عزائم کو جواز نہ دے سکے۔ انھوں نے کہا کہ فلسطین کے متعلق بابائے قوم گاندھی جی کے سنہ 1940 کی دہائی کے اوائل میں دیے گئے ایک بیان کو انڈیا میں بار بار نقل کیا جاتا ہے کہ جس طرح برطانیہ برٹش کا ہے اور فرانس فرانسیسیوں کا اسی طرح فلسطین فلسطینیوں کا ہے لیکن عملی طور پر ان دنوں اس کے برعکس ہو رہا ہے اور حال میں میڈیا میں جو رپورٹس آ رہی ہیں اس سے کچھ اور ہی ظاہر ہو رہا ہے۔ بہرحال جس تیکھے انداز میں یہ انتخابات ہوئے وہ جارحانہ تیور حلف برداری کے دوران پوڈیم پر بھی نظر آئے۔

**مزید نعرے**

حزب اختلاف کے رہنما راہل گاندھی جب حلف لینے آئے تو ان کے ہاتھ میں سرخ رنگ میں آئین کی کاپی تھی اور ان کے حامیوں نے بھارت جوڑو کے نعرے لگائے جبکہ راہل گاندھی نے جے ہند اور جے سنویدھان یعنی آئین ہند زندہ باد کے نعرے لگائے۔ میرٹھ سے بی جے پی کے نومنتخب رکن پارلیمان اور رامائن سیریل میں رام کا کردار نبھانے والے اداکار ارون گول نے اپنے حلف کے بعد جے شری رام کا نعرہ لگایا تو حزب اختلاف کے بعض اراکین کی جانب سے جے اودھیش کا نعرہ لگایا گیا۔ اودھیش پرساد سماجوادی پارٹی کے نومنتخب رکن پارلیمان ہیں جنھوں نے بی جے پی کو رام کے شہر ایودھیا میں شکست سے دو چار کیا ہے۔ مغربی بنگال سے ترنمول کانگریس کی رہنما مہوا موئترہ جب حلف لینے پہنچیں تو ایوان میں بیٹھے رکن پارلیمان کی جانب سے کہا گیا کہ یہ جنتا کا انصاف ہے۔ خیال رہے کہ مہوا کو گذشتہ پارلیمان میں نااہل قرار دیا گیا تھا۔ انڈیا کی تاریخ میں سب سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے والے اور سب سے زیادہ فرق سے جیتنے والے کانگریس امیدوار رقیب الحسن نے آسامی زبان میں اللہ کے نام پر حلف لیا۔ بہت سے لوگوں نے آئین اور بہت سے لوگوں نے اپنی ایمانداری کے نام حلف لیا۔

**این این آئی ٹی نعرے کی گونج**

بہار کے پورنیہ سے آزاد امیدوار کے طور پر پارلیمان پہنچنے والے رکن پارلیمان راجیش رنجن عرف پپو یادو جب حلف لینے آئے تو ان کی قمیض پر Re-Neet ری-نیٹ رکلھا تھا۔ انھوں نے مقامی زبان انگیکا میں حلف لیا اور اس کا اختتام ری این ای ٹی، بہار کو خصوصی درجہ، سیمانچل زندہ باد، انسانیت زندہ باد، بھیم زندہ باد، آئین زندہ باد کہہ کر کیا۔ خیال رہے کہ جس دن انتخابات کے نتائج آئے تھے اسی دن میڈیکل میں داخلے کا نتیجہ بھی آیا تھا جو تنازعے کا شکار ہے۔ حال ہی میں نیٹ سمیت نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی کے ذریعے کرائے گئے کئی امتحانات پیپر لیک کا شکار ہو گئے ہیں اور ان میں سے کچھ کو منسوخ کر دیا گیا ہے اور کچھ کو ملتوی کر دیا گیا ہے۔ اس معاملے پر حکومت پر چہار جانب سے تنقید ہو رہی ہے۔ اس سے قبل جب سوموار کو وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان حلف لینے پوڈیم کی جانب جا رہے تھے تو حزب اختلاف کی جانب سے نیٹ، نیٹ کے نعرے لگائے گئے۔


## ”گرہِ نیم باز“ پر مرزا اسلیم بیگ کے تاثرات

ڈاکٹر ریحانہ صاحبہ کی گرہ نیم باز کو دلچپی سے پڑھنے پر یہ واضح ہوتا ہے کہ محترمہ کا مطالعہ میں وسیع ہے اور وہ ادب میں گہری نظر رکھتی ہے گرہ نیم باز میں ڈاکٹر صاحبہ اردو کے شہ پاروں بالخصوص دکنی ادیب اور دیگر جیسے علامہ اقبال، ندا فاضلی، کرشن چندو غیرہ پر اپنے مضامین تحریر کیے اور سب ہی ان کی علمی ذہانت اور ادبی مہارت کا ثبوت ہے۔ گرہ نیم باز کے مضامین میں جاوید نامہ میں تصوفانہ افکار کو پیش کرنا یقیناً دریا کو کوزے میں بند کرنا تھا اس کے علاوہ اردو صحافت کا عہد با عہد ارتقا نہایت ہی خوبصورت انداز میں تحریر کیا گیا مضمون ہے جو معلوماتی ہونے کے ساتھ ساتھ کارآمد بھی ہے، زمانہ قدیم کی صحافت سے بیسویں صدی کے صحافت کے دور کا سرسری جائزہ لیا گیا ہے۔ میں اکثر ہی اپنے طلبہ سے کہتا ہوں کہ علم حاصل کرو اگر تمہیں چین جانا پڑے، بے شک ہماری تعلیم اتنی ہی ضروری ہے اور محترمہ نے اس نقطے سے شروع کر کے چین کے مشہور فلاسفر کنفیوشس اور اس کی تعلیمی کاوشوں کا جائزہ اس مضمون کی ابتدا کی جو ایک بہترین مضمون ہے جس سے مصنفہ کی تعلیمی قدر کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ ان مضامین میں جہاں جاوید نامہ پر مضمون موجود ہے وہی اس کے خالق ڈاکٹر علامہ اقبال شاعر اور سیاستدان پر ڈاکٹر رفیق زکریا کے مضمون پر بھی تبصرہ کیا گیا ہے گرہ نیم باز میں حسب مقدور صاحب اعجاز ڈاکٹر ارتکاز افضل پر بھی مضمون موجود ہے جناب اسلم مرزا صاحب پر بھی ایک تحریر موجود ہے جس میں ان کی زندگی وہ شخصیت کے چند پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔ جدید اردو شاعرات پر نسائی تحریک کے اثرات ایک مکمل اور جامع مضمون ہیں خواتین قلم کاروں کے تعلق سے یہ مضمون ایک بہترین حوالہ ہے زیورات کا استعمال بھی ایک معلوماتی تحریر ہے جس میں زیورات کے تعلق سے مختلف نکات کو پیش کیا گیا ہے گرہنمباز کے لیے میں ڈاکٹر ریحانہ صاحبہ کو تہ دل سے مبارکباد پیش کرتا ہوں ان نیک خواہشات کا اظہار کرتا ہوں اللہ تعالی سے دعا گو ہوں کہ وہ محترمہ کے قلم میں اور طاقت عطا فرمائے اور اردو ادب میں اونچا مقام عطا فرمائے۔ آمین

## بلوچستان میں بے روزگاری کا بڑھتا رجحان



بلوچستان۔ 26/جون۔ ایم این این۔ انسانی وسائل کی ترقی کسی قوم کی اقتصادی ترقی اور پیداواری صلاحیت میں نمایاں کردار ادا کرتی ہے۔ سماجی و اقتصادی ترقی کا حصول نوجوانوں کو منظم کیے بغیر اور ہنرمندی کے فروغ کے اقدامات کے ساتھ ان کی ضروریات پوری کیے بغیر ممکن نہیں ہے۔ پائیدار ترقی اور ترقی کے لیے ہنرمند افراد انتہائی اہمیت کے حامل ہیں۔ وہ جدت طرازی کرتے ہیں اور نئی ٹیکنالوجیز، مصنوعات اور خدمات لاتے ہیں جو متعدد صنعتوں کو پنپنے اور روایتی جال سے باہر آنے کی اجازت دے کر معاشی تنوع میں نمایاں طور پر حصہ ڈالتے ہیں۔ نتیجے کے طور پر، یہ سماجی اقتصادی مسائل کے خطرے کو کم کرتا ہے اور لچک کو بڑھاتا ہے۔ اس حوالے سے بلوچستان متعدد سماجی اقتصادی اشاریوں میں دیگر صوبوں سے بہت پیچھے ہے۔ اس کے پڑھے لکھے نوجوان تیزی سے مایوسی کا شکار ہو رہے ہیں کیونکہ یونیورسٹی کے سالوں کے دوران انہیں روزگار کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔ اس کی وجہ کئی وجوہات ہیں جن میں صنعت اور تعلیم کے روابط کی کمی، محدود مارکیٹ پر مبنی اور تکنیکی مہارتیں، اور کاروباری پروگراموں کی کمی شامل ہے۔ 2021 میں بلوچستان کے تقریباً 25000 طلباء پاکستان کی مختلف یونیورسٹیوں سے فارغ التحصیل ہوئے اور محض 2000 طلباء سرکاری اور نجی شعبوں میں ملازمتیں حاصل کرنے کے قابل ہوئے۔ 2021 کے لیبر فورس سروے سے پتہ چلتا ہے کہ بلوچستان میں پاکستان کے دیگر صوبوں کے مقابلے میں سب سے زیادہ بے روزگاری کی شرح ہے، جو 9.13 فیصد تک پہنچ گئی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ صوبے میں ملازمت کے مواقع کی کمی اور نجی شعبے کی عدم موجودگی ہے۔ اس بلند شرح کی ایک اور وجہ صنعت اور یونیورسٹیوں کے درمیان رابطہ منقطع ہے۔ یہ طلباء کو عملی میدان میں اپنے متعلقہ شعبوں کو تلاش کرنے سے روکتا ہے جس کے نتیجے میں عملی مضمرات کے بارے میں محدود معلومات حاصل ہوتی ہیں۔ جب یہ طلباء یونیورسٹی سے فارغ التحصیل ہوتے ہیں، تو وہ عام طور پر سرکاری ملازمتوں پر انحصار کرتے ہیں جو ہر سال مارکیٹ میں داخل ہونے والے گریجویٹس کے حساب سے بہت محدود ہوتی ہیں۔ صنعتوں اور تعلیمی اداروں کو ان کمیوں کو دور کرنے کے لیے فعال اقدامات کرنے کے لیے تعاون کرنا چاہیے۔ بہت سے وسیع پیمانے پر تسلیم شدہ اور آسانی سے قابل حصول علاج میں ایک اچھی طرح سے ڈیزائن کردہ انٹرنشپ پروگرام شامل ہے جو صنعت پر مبنی تجربہ اور مہارت فراہم کر سکتا ہے۔



سونے چاندی کے زیورات کی خریدی کا
شہر کا بھروسے مند نام
کلثوم جویلرس
صرافہ بازار، ناندیڑ
پروپرائٹر: محمد انیس : Mob: 9860871766

## ”گرہ نیم باز“ سرسری جائزہ

**از قلم، : احمد اورنگ آبادی**

تخلیق، تنقید اور تحقیق ادب کے تین ایسے شعبہ ہیں جو ایکدوسرے سے پوری طرح مربوط ہیں۔ اگر انھیں تین جسم اک جان کہا جائے تو میری دانست میں غلط نہ ہوگا۔ تنقید جہاں تخلیق کے محاسن و معائب کا احاطہ کرتے ہوئے فن پارے کا معیار متعین کرنے میں کلیدی کردار ادا کرتی ہے وہیں تحقیق، تخلیق کو جاودانی بخشنے کا کام انجام دیتی ہے۔ تحقیق ہی وہ فن ہے جو ماضی کے دھندلکوں میں کھو چکے ہو چکے تخلیق کے مہر و ماہ نجوم کو بازیافت کر کے نئے زمانے سے روشناس کرواتی ہے۔ تنقید اور تحقیق کا وجود دنیائے ادب میں شروع سے ہی رہا ہے، قدیم کلاسیکل دور کے ایسے کئی مخطوطات گاہے بگاہے ہماری نظروں سے گزرتے ہیں جس میں تقریظ کی قالب میں تبصروں تذکروں اور مشاہیرین ادب کے لکھے گئے خطوط میں اس دور کے فن پاروں کی تفہیم و تشریح کرتی ہوئی تحریریں ملتی ہیں۔ اردو ادب میں جدید تنقید کا آغاز مولانا الطاف حسین حالی کے مقدمہ شعر و شاعری سے کیا جاتا ہے۔ ان کے بعد آنے والوں میں فراق گورکھ پوری، مولوی عبدالحق، شیخ چاند، آل احمد سرور، احتشام حسین، عزیز احمد، علی سردار جعفری، شمس الرحمان فاروقی، سجاد باقر رضوی، احمد ندیم قاسمی، وحید قریشی کے علاوہ ایک طویل فہرست ہے جنھوں نے اپنی کاوشات قلم سے اردو ادب کے آنچل پر تنقید و تحقیق کے نایاب گہر ٹانکنے کا کام سرانجام دیا ہے۔ اردو ادب کے جتنے دبستان ہیں ان میں علاقہ دکن کا مرکزی شہر اورنگ آباد جسے کسی زمانے میں خجستہ بنیاد کہا جاتا تھا۔ ہر دور میں تخلیقی ادب خاص کر صنف شاعری کے لئے زرخیز مانا جاتا رہا ہے۔ عام رائے یہ ہے کہ دور محمد تغلق سے یہاں اردو ادب کا آغاز ہوا، اسی دور میں خواجہ گیسودراز بندہ نواز کی تصنیف شدہ کتاب ”معراج العاشقین“ کو دنیائے ادب میں پہلی غیر افسانوئی تصنیف کا درجہ حاصل ہے۔ اسکے بعد سے آج تک سیکڑوں شعراء و ادباً اپنی نایاب ادبی تخلیقی کاوشات سے اس علاقے کو سیراب کر چکے ہیں، اردو غزل کے باوا آدم ولی اورنگ آبادی، سراج اورنگ آبادی و شفیق اورنگ آبادی کے حوالے سے دنیائے سخن میں دبستانِ اورنگ آباد کی شعری روایات کو ایک عظیم مقام حاصل ہے۔ ایک بات قابل غور ہے کہ دبستانِ اورنگ آباد کی ادبی فضاوں میں تخلیق و تحقیق کی بازگشت ہر دور میں گونجتی رہی وہیں تنقیدی صدائیں خال خال ہی ادب کے گلیاروں سے اٹھی ہیں۔ لیکن پولوایکش کے بعد کا دور جسے دبستانِ اورنگ آباد کا نشاۃ الثانیہ کہا جاتا ہے، معروف فکشن نگار نورالحسین کے مطابق نثر نگاری کے حوالے تاریخ میں یاد رکھا جائے گا، اس دوران صنفِ شاعری کے ساتھ ساتھ دبستانِ اورنگ آباد میں نثری اصناف جیسے افسانہ نگاری، ناول نگاری، خاکہ نگاری، انشائیہ نگاری افسانچہ نگاری، بھی پروان چڑھی، علاوہ اس کے یہاں کے قلم کاروں نے تنقیدی میدان میں بھی اپنے قلم کے بہترین جوہر دکھلائے، ڈاکٹر عصمت جاوید شیخ (اردو پر فارسی کے اثرات) بشر نواز (نیا ادب نئے مسائل) سہیل بیابانی (ادبی معیار) نورالحسنین (اردو افسانہ کل آج اور کل، جلد اول و دوم، اردو ناول کا تنقیدی مطالعہ) ڈاکٹر ارتکاز افضل (حسبِ مقدور، حسبِ مراتب) ایڈوکیٹ اسلم مرزا (آئینہ معنی نما گلدستہ خوش باش) ڈاکٹر عظیم راہی (آب اور آگ، فنکارِ بے نظیر، اردو میں افسانچے کی روایت، تنقیدی مطالعہ، اردو میں افسانچے کی مقبولیت و پیش رفت، نقد و نظر کے درمیان)۔ ڈاکٹر انتخاب حمید (اردو کے نئے ناول (صنفی و جمالیاتی منتق)) ڈاکٹر مسرت فردوس (ادبی زاویے، توقیر ادب، مراٹھواڑہ کا ادب، صحیفہ ادب) کے نام قابلِ ذکر ہیں جنھوں نے اپنی ہمہ جہت ادبی کاوشوں کے چلتے دبستانِ اورنگ آباد کی ادبی وقار کو چار چاند لگا دئے، ان کے بعد کی نسل میں جن قلم کاروں نے اپنی تنقیدی کاوشات سے مشاہیرین ادب کو متاثر کیا ہے ان میں ڈاکٹر اسود گوہر، خواجہ کوثر حیات، اور ڈاکٹر شیخ ریحانہ بیگم کے نام قابلِ ذکر ہیں، زیرِ نظر کتاب ”گرہِ نیم باز“ ڈاکٹر ریحانہ بیگم کی دوسری تنقیدی کامیاب کاوش ہے جس میں کل بیس تنقیدی و تحقیقی مضامین شامل ہیں، کتاب کا انتساب انھوں نے اپنے استاد ڈاکٹر ارتکاز افضل اور انکے استاد ڈاکٹر عتیق اللہ صاحب کے نام کیا ہے۔ اس کتاب میں شامل مضامین مصنفہ نے مختلف سیمناروں اور ریڈیائی پروگراموں و مختلف رسائل کے لئے تحریر کئے تھے، معروف شاعر و ادیب اسلم مرزا پر ایک شخصی مضمون کے ساتھ حسب مقدور پر تبصرہ بھی اس کتاب میں شامل ہے، دکن میں اردو غزل کا ارتقاء مختصر مضمون ہے جس میں انھوں نے محمد تغلق سے لیکر دور سراج کا احاطہ کرتے ہوئے دکن میں اردو غزل کی تاریخ و اسکا ارتقائی سفر پیش کیا ہے، کمار پاشی کی ولاس یاترا، اور علامہ اقبال کی فارسی نظم جاوید نامہ ان دونوں نظموں کی، مصنفہ نے اپنی بھرپور تنقیدی صلاحیتوں کا بروئے کار لا کر تفہیم و تشریح پیش کی ہے، سلیس اور سادہ زبان، برجستہ جملے اور سیر حاصل تبصروں نے ان مضامین میں پوشیدہ تمثیلی کرداروں وعلامتوں کو آئینہ کی طرح شفافیت بخشی ہے، منجملہ ان مضامین کو ڈاکٹر صاحبہ کی تنقیدی بصیرت کا بہترین نمونہ کہا جا سکتا ہے۔ چہ جائیکہ اس کتاب کی اصل روح ان چھ مضامین میں پوشیدہ جس میں مصنفہ نے دکنی شاعرات کے حوالے سے تانیثیت کے موضوع پر اعتدال کے ساتھ صحت مند و بھرپور بحثیں کی ہیں۔ ماہ لقا بائی چندا، شفیق فاطمی شعری، وحیدہ نسیم، کنیز فاطمہ، علاوں ازیں پروین شاکر کے اشعار میں موجود نسائی مسائل پر بھرپور روشنی ڈالتے ہوئے پدری معاشرے میں موجود عدم تحفظ، عدم مساوات پر انتہائی فنکارانہ انداز میں سوالات اٹھائے ہیں۔ ادبی تنقید کسی بھی ادب پارے کی تفہیم کے لئے ایک کارآمد مطالعہ ہے۔ لیکن یہ قاری سے تحمل و انہماک کا مطالبہ کرتا ہے، گرہ نیم باز میں شامل تمام مضامین ڈاکٹر ریحانہ بیگم کی انتھک محنت اور کثیر المطالعہ کی گواہی دیتے ہیں۔ درمیان میں مغربی ناقدین و مشاہرین کے کوٹیشنس وحوالے مصنفہ کی انگریزی ادب پر دسترس کا بین ثبوت ہیں۔ عام فہم اسلوب۔ سادہ سلیس زبان۔ بامعنی اصطلاحوں اور بھرپور تنقدی و تحقیقی بصیرت کے ساتھ تحریر مضامین کا مجموعہ گرہ نیم باز اردو ادب کے باذوق قارئین اور طلباء کے لئے ایک نایاب تحفہ ثابت ہوگا۔ میں گرہ نیم باز کی اشاعت پر ڈاکٹر ریحانہ بیگم کو اس امید کے ساتھ مبارک باد دیتا ہوں کہ یہ قارئین و مشاہیرین ادب کی بارگاہ میں قبولیت کی درجہ حاصل کر لے گی۔

## ”گرہِ نیم باز“ ادب میں اہم اضافہ

**از: ڈاکٹر مسرت فردوس سابق پروفیسر ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مرہٹواڑہ یونیورسٹی اورنگ آباد**

ڈاکٹر شیخ ریحانہ بیگم کی کتاب ”گرہِ نیم باز“ میرے ہاتھوں میں ہے۔ ۲۴۷ صفحات پر مشتمل اس کتاب کا سرِ ورق نہایت خوبصورت اور متاثر کن نام ہے۔ کتاب کی پشت پر ایڈوکیٹ اسلم مرزا بیگ کی عالمانہ تحریر کتاب کے بارے میں سب کچھ بیان کر دیتی ہے اور قاری کے لئے سہولت فراہم کرتی ہے۔ اس مجموعے میں اٹھارہ مضامین ہیں۔ ابتداء میں مصنفہ نے حرف آغاز تحریر کیا ہے اور ڈاکٹر ارتکاز افضل جیسے دانشور کا پیش لفظ کتاب کی قدر و قیمت میں اضافہ کرتا ہے۔ اس میں کچھ مضامین معلوماتی، چند تحقیقی اور کچھ تنقیدی نوعیت کے ہیں۔ مصنفہ ابتداء ہی سے علم و ادب کی شائق رہی ہیں۔ پیشۂ تدریس سے وابستگی نے ان کے ذوق وشوق کو جلا بخشی۔ ان کے شریک حیات بھی خطاطی کے ماہر ہیں۔ لکھنا اور پڑھنا ان دونوں کا مشغلہ ہے۔ صاحبِ علم و بصیرت جانتے ہیں کہ تخلیق، تنقید اور تحقیق یہ ادب کا اہم تکون ہے۔ مصنفہ نے ڈاکٹریٹ کی سند حاصل کی اس لئے تحقیق کے مراحل و دشوار گزار راہوں سے واقف ہیں۔ ان مضامین میں انھوں نے کچھ حد تک تحقیق و تنقید کے تقاضوں کو پورا کرنے کی کوشش کی ہے۔ ان کی یہ کاوش ادب میں اضافہ ہے۔ اردو زبان و ادب کے تئیں ان کا جوش اور جذبہ، محنت و لگن، محبت و رغبت قابلِ تحسین ہے۔ اس کتاب سے مصنفہ کے وسیع مطالعہ کا اندازہ ہوتا ہے۔ ادب کے ہر دور اور ہر صنف سے متعلق مضامین ہیں۔ علامہ اقبال کی شاعری ادب کے ہر قاری کو متاثر کرتی ہے۔ ان کی شاعری کے ہر پہلو پر بے شمار کتابیں لائبریری میں موجود ہیں لیکن ہر نیا مضمون نئے نکات کی طرف قارئین کو متوجہ کرتا ہے۔ ”دکن میں اردو غزل کا سفر“ اس لئے اہم ہے کہ یہ طویل بھی ہے اور کئی موڑ سے گزرتے ہوئے شمالی ہند کے شعراء کو متوجہ کرتا رہا ہے۔ مصنفہ نے ان موضوعات پر بہتر انداز میں لکھا ہے۔ اسی طرح پریم چند، کرشن چندر، افسانہ نگاری کی دنیا کے ایسے نام ہیں جن پر ہر نقاد نے خامہ فرسائی کی ہے پھر بھی یہ موضوع فرسودہ نہیں ہوا۔ ”دکنی شاعرات اور قرأت کے مسائل“ اچھا عنوان اور اچھا مضمون ہے۔ اس کی ابتداء میں تانیثیت اور نسائیت کو واضح کیا گیا ہے۔ مہ لقا بائی چندا، شفیق فاطمہ شعریٰ اور رعنا حیدری کے اشعار کے حوالوں سے مصنفہ نے اپنی بات پیش کی ہے۔ مصنفہ ریحانہ بیگم نے نسائی تحریک اور اورنگ آباد کی شاعرات کا بطور خاص مطالعہ کیا ہے۔ اس موضوع پر مزید دو چار مضامین شفیق فاطمہ شعریٰ کی شاعری میں مقامی تہذیبی عناصر، جدید اردو شاعری پر نسائی تحریک کے اثرات، مہ لقا بائی چندا: دکن کی اولین نسائی آواز، دبستان اورنگ آباد کی منفرد نسائی آواز ڈاکٹر رعنا حیدری، اورنگ آباد کی ادبی تاریخ میں اضافہ کرتے ہیں اور خواتین کا سربلند ہوتا ہے۔ سرزمینِ اورنگ آباد سے تعلق رکھنے والے شعراء، مصنفین، ناقدین پر مصنفہ نے بطورِ خاص توجہ فرمائی۔ ایڈوکیٹ اسلم مرزا اورنگ آباد کے نامور مترجم اور شاعر کی حیثیت سے شہرت کی بلندیوں کو چھور ہے ہیں۔ ان کی شاعرانہ صلاحیتوں کا بہتر انداز میں احاطہ کیا گیا ہے۔ ڈاکٹر ارتکاز افضل علم وادب کی جامع شخصیت کا نام ہے۔ ان کے تنقیدی مضامین کا مجموعہ ”حسبِ مقدور“ پر تبصرہ موجود ہے۔ اس شہر کی تعلیمی و صنعتی ترقی ڈاکٹر رفیق زکریا کے مرہون منت ہے۔ ان کی شخصیت ہمہ جہت ہے۔ بحیثیت ادیب انھوں نے کئی کتابوں سے ادب میں لوہا منوایا ہے۔ ان کی کتاب ”اقبال شاعر اور سیاست داں“ پر ڈاکٹر ریحانہ بیگم نے اپنے انداز سے تبصرہ کیا۔ اورنگ آباد کے جدید شعراء میں قاضی سلیم عالمی شہرت کے مالک ہیں۔ مصنفہ نے اس موضوع پر بھی مضمون تحریر کیا ہے۔ ندا فاضلی کی شاعری پر تفصیلی مطالعہ انھوں نے دوران تحقیق کیا اور بہترین مضمون تخلیق کیا۔ ”ولاس یاترا: نسائی کرداروں کا رزمیہ اور کنفیوشس اور اس کی تعلیمی کاوشوں کا جائزہ“ یہ دو مضامین نہایت اہم اور اچھوتے موضوع پر ہیں۔ اردو میں عام طور پر ان پر مضامین بہت کم ہیں۔ مصنفہ کی باریک بینی اور وسیع مطالعے کی نشاندہی ان مضامین سے ہوتی ہے۔ ”زیورات کا استعمال“ بھی دلچسپ مضمون ہے۔ اردو شاعری سے انھوں نے زیورات کے حوالے لئے ہیں۔ موجودہ دور کے ادب کے کیا موضوعات ہیں اور کن مسائل کو احاطہ تحریر میں لایا جا رہا ہے معاشرہ کا ترجمان ہے یا نہیں، ان نکات پر بحث ”عصری ادب“ نامی مضمون میں موجود ہے۔ ”اردو صحافت کا عہد بہ عہد ارتقاء“ معلوماتی اور تفصیلی مضمون ہے۔ ان تمام مضامین میں زبان نہایت صاف ستھری، شستہ وشائستہ ہے۔ آسان زبان میں واضح طور پر انھوں نے اپنے خیالات قارئین کے لئے پیش کئے ہیں۔ اس کتاب کے توسط سے ریحانہ بیگم ممتاز قلمکار و ادیبہ کی حیثیت سے اپنا مقام بنا رہی ہیں۔ میں محترمہ کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دیتی ہوں اور میری بیشمار دعائیں ان کے ساتھ ہیں۔ وہ خوش نصیب ہیں کہ ڈاکٹر ارتکاز افضل کی رہنمائی ان کو حاصل ہے۔ انشاء اللہ تعالیٰ یہ کتاب بڑی مقبول ہوگی۔ اردو زبان و ادب کے طلباء اور قارئین کے لئے سودمند اور کارآمد ثابت ہوگی۔

## پاکستان نے چین کے سیکورٹی خدشات کو دور کرنے کیلئے 'آپریشن عزم استحکام' کا آغاز کیا

اسلام آباد۔ 26/جون۔ ایم این این۔ سیکورٹی خدشات کی وجہ سے چین پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) کے تحت نئے منصوبوں میں سرمایہ کاری کرنے میں چین کی ہچکچاہٹ کے جواب میں، پاکستان نے آپریشن عزم استحکام کے نام سے ایک قومی انسداد دہشت گردی مہم کی منظوری دی ہے۔ آپریشن بنیادی طور پر خیبر پختونخوا اور بلوچستان پر توجہ مرکوز کرے گا، جہاں چینی شہریوں، کارکنوں، اور منصوبوں کو تشدد اور سیکورٹی کے خطرات کا سامنا ہے، جس سے چینی شہریوں کی حفاظت اور پاکستان میں سرمایہ کاری کے بارے میں خدشات پیدا ہوئے ہیں۔

## حج کے دوران ہلاک ہونے والے امریکی جوڑے کا آخری پیغام: 'ہم شدید گرمی میں دو گھنٹے سے پیدل چل رہے ہیں'

**کیٹریونا پیری، اینا فگائی اور برنڈ دیبسمان جونیئر**



سعودی عرب میں حج کے دوران ہلاک ہونے والے ایک امریکی جوڑے کی بیٹی نے بتایا ہے کہ کس طرح ان کے والدین شدید گرمی میں دو گھنٹے سے زیادہ تک پیدل چلتے رہے یہاں تک کہ وہ ہیٹ سٹروک کی وجہ سے ہلاک ہو گئے۔ امریکہ کی وسطی ریاست میری لینڈ میں بووی کے رہائشی 71 سالہ الحاج علیو دوسی ووری اور ان کی 65 سالہ اہلیہ ایسا تو ووری رواں سال حج کے دوران ہلاک ہونے والے تقریباً 1300 حجاج میں شامل ہیں۔ رواں سال کے حج کے اجتماع کے دوران شدید گرمی تھی اور درجہ حرارت 50 سینٹی گریڈ سے بھی تجاوز کر گیا تھا۔ مرنے والے حاجی علیو دوسی کی بیٹی سعیدہ ووری نے بی بی سی کو بتایا کہ ان کے والدین کو حج پر لے جانے والے ٹوئر گروپ نے مبینہ طور پر مناسب مقدار میں کھانے، پانی سمیت بہت سی ضروی اشیا فراہم نہیں کیں، حالانکہ انھوں نے اپنے پیکیج میں ان سب کا وعدہ کر رکھا تھا۔ سییرا لیون میں پیدا ہونے والا یہ امریکی جوڑا 16 جون بروز اتوار سعودی عرب پہنچنے کے دو ہفتے بعد لاپتا ہو گیا تھا۔ کچھ دنوں کے بعد ان کی بیٹی کو اطلاع دی گئی کہ ان کے والدین ہلاک ہو گئے ہیں۔ غمزدہ بیٹی نے بی بی سی کو بتایا کہ ان کے والدین کے لیے حج 'انتہائی اہمیت' کا حامل فریضہ تھا اور انھوں نے حج پر جانے کے لیے فی کس 11 ہزار 500 امریکی ڈالر ادا کیے تھے۔

**والدین کا آخری ٹیکسٹ میسیج**

انھوں نے مزید کہا کہ 'ان کے والدین کی حج کرنے کی شدید خواہش تھی اور اس سفر کے لیے وہ بہت پرجوش تھے۔' اس جوڑے نے میری لینڈ سے باہر سروسز فراہم کرنے والی ایک امریکی ٹوئر کمپنی کے ذریعے تقریباً 100 دیگر حاجیوں کے ایک گروپ کے ساتھ سعودی عرب کا سفر کیا۔ سعدیہ ووری کا کہنا ہے کہ 'انھیں بہت سی وہ چیزیں فراہم نہیں کی گئیں جن کا ان سے وعدہ کیا گیا تھا۔' وہ بتاتی ہیں کہ ان کے والدین کو اس شدید گرمی میں کھانے اور پینے کے پانی کی کمی کی شکایت تھی اور انھوں نے اپنی بیٹی کو بتایا کہ 'وہ دن میں ایک ہی وقت کھانا کھا رہے ہیں' اور اس بات کو یقینی بنا رہے ہیں کہ ان کے جسم میں پانی رہے۔ بی بی سی نے تبصرے کے لیے اس ٹور کمپنی سے رابطہ کیا ہے لیکن ابھی تک ان کا جواب موصول نہیں ہوا ہے۔ سعیدہ ووری نے بتایا کہ کئی مسڈ کالز کے بعد ان کے والدین نے اپنے آخری ٹیکسٹ میسیج میں لکھا تھا کہ 'وہ دو گھنٹے سے زیادہ دیر سے پیدل چلے جا رہے ہیں۔' اس کے کچھ دیر بعد ہی قونصلر حکام اور ان کے ٹور گروپ کے ایک رکن نے تصدیق کی کہ ان کے والدین کی موت ہو گئی ہے۔

**قبرستان کی نشاندھی**

سعیدہ ووری قونصلر حکام کی مدد سے اس بات کا پتا چلانے میں کامیاب ہوئیں کہ ان کے والدین کو کس قبرستان میں دفن کیا گیا ہے۔ بہرحال ابھی تک تدفین کے مقام کی نشاندہی نہیں کی گئی ہے۔ انھوں نے کہا کہ اس بارے میں ان کے ذاتی تاثرات نہیں ہیں لیکن 'بہت سارے سوالات ہیں، جن کے جوابات تلاش کرنے کی ضرورت ہے۔' ووری نے کہا کہ ان کا سعودی عرب جانے کا ارادہ ہے تاکہ انھیں یہ معلوم ہو سکے کہ ان کے والدین کی تدفین کہاں ہوئی ہے۔ انھوں نے بی بی سی کو یہ بھی بتایا کہ ٹوئر کمپنی نے کہا تھا کہ وہ سفر کے لیے مناسب ویزا اور رجسٹریشن فراہم کرے گی لیکن وہ ایسا کرنے میں ناکام رہی۔ سعودی عرب کی سرکاری خبر رساں ایجنسی ایس پی اے کے مطابق زیادہ تر مکہ آنے والے زائرین کے پاس سرکاری اجازت نامے نہیں تھے۔ بہرحال سرکاری حج پرمٹ حاصل کرنے کا عمل مہنگا یا پیچیدہ ہو سکتا ہے۔

**سعودی عرب تنقید کی زد میں**

سعودی عرب نے کہا ہے کہ رواں سال تقریباً 18 لاکھ افراد نے حج کی سعادت حاصل کی۔ ملک کے وزیر صحت فہد بن عبدالرحمان الجلاجل نے کہا کہ حکام نے حال ہی میں گرمی کی شدت سے متعلق آگاہی پیدا کرنے کی کوششیں شروع کی ہیں۔ سعودی عرب حج کو محفوظ نہ بنانے اور غیر رجسٹرڈ عازمین کے حوالے سے ان دنوں تنقید کی زد میں ہے۔

## درد دیں گے وہ سسکیاں دیں گے

**وشنو وراٹ**

درد دیں گے وہ سسکیاں دیں گے
ہم ہیں کاغذ وہ قینچیاں دیں گے
جگنوؤں نے شراب پی لی ہے
اب یہ سورج کو گالیاں دیں گے
آ گئی عشق پہ وہ نوبت اب
ڈاکئے تیری چٹھیاں دیں گے
میرے بیمار زرد چہرے کو
اپنے ہونٹھوں کی سرخیاں دیں گے
ہاں سنا ہے وہ پھول جیسی ہے
اس کو تحفہ میں تتلیاں دیں گے
آپ جو بیٹھنے نہیں دیتے
آپ اک روز کرسیاں دیں گے

## 4000 افغان تارکین وطن کو ایران اور پاکستان سے ڈی پورٹ کیا گیا

کابل۔ 26/جون۔ ایم این این۔ وزارت برائے مہاجرین اور وطن واپسی نے اطلاع دی ہے کہ تقریباً 4000 افغان تارکین وطن کو ملک بدر کر دیا گیا ہے۔ وزارت نے منگل کو اعلان کیا کہ 485 افغان تارکین وطن کو پاکستان سے اور 3,399 کو ایران سے ملک بدر کیا گیا۔ وزارت برائے مہاجرین اور وطن واپسی کے مطابق واپس آنے والے افراد 24 جون کو افغانستان پہنچے تھے۔ وزارت کے نیوز لیٹر کی بنیاد پر، یہ تارکین وطن اسلام قلعہ، تورغنڈی، اسپن بولدک اور دیگر سرحدی گزرگاہوں کے ذریعے ملک میں داخل ہوئے۔ پاکستان سے افغان تارکین وطن کی ملک بدری حالیہ مہینوں میں خاص طور پر ایران اور پاکستان سے، انسانی حقوق اور انسانی بحران کے ایک سنگین بحران کے درمیان نمایاں اضافہ کے درمیان واقع ہوئی ہے۔ پاکستان اور ایران سے افغان مہاجرین کی جبری ملک بدری نے افغانستان میں پہلے سے ہی سنگین انسانی صورتحال کو مزید پیچیدہ کر دیا ہے۔ ان میں سے بہت سے جلاوطن افراد کو غیر یقینی مستقبل کا سامنا ہے، وہ ایسے ملک میں واپس آ رہے ہیں جو معاشی عدم استحکام، خوراک کی قلت اور سیاسی غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے۔ رپورٹوں سے پتہ چلتا ہے کہ واپس آنے والے تارکین وطن اکثر بنیادی ضروریات جیسے کہ پناہ گاہ، صحت کی دیکھ بھال اور تعلیم تک رسائی سے محروم ہوتے ہیں، جوان کے خطرے کو بڑھاتے ہیں۔ بین الاقوامی برادری نے ملک بدری کے عمل کے دوران افغان تارکین وطن کے ساتھ سلوک پر تشویش کا اظہار کیا ہے، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر تحفظات اور ان کے حقوق کے تحفظ کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ وکالت گرپوں نے افغان واپس آنے والوں کی افغان معاشرے میں محفوظ اور باوقار دوبارہ شمولیت کو یقینی بنانے کے لیے ان کی حمایت میں اضافے کا مطالبہ کیا ہے۔

## جماعت اسلامی نے پاکستان میں طویل لوڈ شیڈنگ اور بجٹ کے خلاف مزاحمتی تحریک کا آغاز کیا

پشاور۔ 26/جون۔ ایم این این۔ جماعت اسلامی نے طویل لوڈ شیڈنگ اور حال ہی میں متعارف کرائے گئے بجٹ کے خلاف احتجاج کے لیے پاکستان میں ملک گیر مزاحمتی تحریک کا اعلان کیا ہے۔ جماعت اسلامی کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے پرامن مزاحمتی مظاہروں، اظہار رائے کی آزادی کی حمایت اور پاکستان کے 250 ملین شہریوں کے مفادات کی نمائندگی کرنے پر توجہ مرکوز کرنے والے قومی ایجنڈے کا خاکہ پیش کیا۔ رحمٰن نے 28 جون کو بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں کے باہر احتجاج کا اعلان کیا، حکومت سے بات چیت میں شامل ہونے کی اپیل کی اور عوام اور اداروں کے درمیان تقسیم پیدا کرنے کے لیے عزم استحکام آپریشن پر تنقید کی۔ انہوں نے افغانستان کے ساتھ بامعنی مذاکرات کی ضرورت پر زور دیا تاکہ ان کی سرزمین کو دہشت گردانہ سرگرمیوں کے لیے استعمال ہونے سے روکا جا سکے اور پاکستان میں بعض سیاسی جماعتوں کے مستقبل کے بارے میں شکوک وشبہات کا اظہار کیا۔

